© rasailojaraid.com



# اظہارِ براءت

## بہ سلسلہ تذکرہ مولانا محمد نافع رحمتہ اللہ علیہ، مؤلف حافظ عبدالجبار سلفی

غلام ابوبکر صدیق

## رُحَمَآءُ بَیۡنَھُمۡ ویلفیئر ٹرسٹ

## بسلسلہ تذکرہ مولانا محمد نافع رحمتہ اللہ علیہ مؤلف حافظ عبدالجبار سلفی

حضرت مولانا محمد نافع رحمتہ اللہ علیہ (جامعہ محمدی شریف چنیوٹ) کی تمام تالیفات اور تحریرات اس امر کا زندہ ثبوت ہیں کہ دوسرے مسالک کے علماء کرام اور نظریاتی مخالفین سے علمی اختلاف کے باوجود ان کی تحقیر یا ذات کو ہدف تنقید بنانا آپ کے مزاج اور اسلوب تحریر میں شامل نہ تھا یہی وجہ ہے کہ فاضل مؤلف جناب حافظ عبدالجبار سلفی نے بعض تحریروں میں علماء پر غیر ضروری تنقید لکھی۔

جس کی وجہ سے پہلی ہی ملاقات میں ان کی اس روش اور عادت پر سرزنش اور سخت لہجہ میں تنبیہ فرمائی۔ فاضل مؤلف مذکور نے جب تذکرہ مولانا محمد نافع رحمتہ اللہ علیہ مرتب کیا تو اس میں بہت ساری قابل اعتراض وغیر ضروری چیزوں کے علاوہ اپنی دیرینہ عادت کے مطابق کئی زندہ اور مرحوم علماء اور شرفاء کو بلا ضرورت تنقید کا نشانہ بنایا۔ اوران کی ذاتیات پر کیچڑ اچھالا۔

موصوف سے درخواست کی گئی کہ اس طرح کی چیزوں کو تذکرہ میں شامل نہ کریں تاکہ کسی کی دل آزاری نہ ہو، دوسرے یہ روش صاحب تذکرہ کے مزاج اور اسلوب تحریر سے بھی مطابقت نہیں رکھتی اس کے باوجود تذکرہ مولانا محمد نافع ہماری اجازت اور رضامندی کے بغیر ادارہ مظہر التحقیق لاہور سے من وعن شائع کر دیا گیا۔ اس لیے مولانا محمد نافع رحمتہ اللہ علیہ کا وارث اور بیٹا ہونے کی حیثیت سے میں تذکرہ میں موجود اس طرح مندرجات سے اظہار براءت اور اعلان لاتعلقی کرتا ہوں۔

منجانب: غلام ابوبکر صدیق بن حضرت مولانا محمد نافع رحمتہ اللہ علیہ
سیکرٹری مالیات رحمآء بینھم ویلفیئر ٹرسٹ، جامعہ محمدی شریف چنیوٹ



© rasailojaraid.com